کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

شاندار نیلام عام ویگن/سوزوکی پارکنگ فیس

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ چھاؤنی کی حدود میں سے گزرنے اور چلنے والی ویگنوں/بسوں/منی بسوں/ سوزوکیوں (ماسوائے کوہ نور ملز پوائنٹ کے) سے پارکنگ فیس کی وصولی کا ٹھیکہ برائے یکم جولائی 2022 تا 30 جون 2023 تک کے لیے مورخہ 9 مئی 2022 بوقت 11 بجے دن دفتر ہذا میں کر رہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے بولی کا عمل مقررہ تاریخ کو مکمل نہ ہو سکا تو اسکی دوبارہ بولی مورخہ 10 مئی 2022 کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

شرح فیس

1. بس-/200 روپے روزانہ 2. منی بس/ویگن-/150 روپے روزانہ
3. سوزوکی پک اپ-/100 روپے روزانہ 4. ٹیکسی/رکشہ-/30 روپے روزانہ

شرائط

۱۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ-/10,00,000 (دس لاکھ) کی کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور زر بیعانہ ہمراہ شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی جمع کرانا ہوگی۔ بغیر ادائیگی زرضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۲۔ بولی کی رقم متذکرہ بالا عرصے کے لئے ہوگی جسکی ادائیگی ماہانہ کی بنیاد پر کی جائے گی۔ جبکہ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ ہوگی۔

۳۔ کامیاب بولی دھند کو بولی کے اختتام پر بولی کی رقم کا 1/4 چوتھائی حصہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی موقع پر جمع کرنا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو سیکورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر واپس کی جائے گی جو کسی صورت اقساط میں Adjust نہیں کی جائے گی جبکہ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ تاوقت منظوری نیلام دفتر ہذا میں جمع رہے گی۔

۴۔ بولی کی منظوری کی اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ قسط کی بنیاد پر ہوگی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے حرجہ وخرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے ایک تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرانا ہوگا اور معاہدہ پر دستخط کئے بغیر کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ سیکورٹی کی رقم ضبط کر کے ٹھیکہ دوبارہ نیلام کردے۔

۵۔ اگر ٹھیکیدار دوران ٹھیکہ Default کر جاتا ہے تو ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا دوبارہ بولی کم وصول ہونے کی صورت

Scanned with CamScanner

میں نقصان پہلے بولی دینے والے ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔

۶۔ ٹھیکہ دار پارکنگ فیس کی وصولی صرف کینٹ بورڈ کے متعین کردہ مقامات سے ہی کرنے کا مجاز ہوگا اور کسی بھی روٹ پر چلنے والی گاڑی سے ایک سے زائد مقامات پر وصولی کی قطعی طور پر اجازت نہ ہوگی اور متعین مقامات کی لسٹ دفتر ہذا سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ مزید کسی مقام سے وصولی کینٹ بورڈ کی منظوری سے مشروط ہوگی۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد کے حساب سے پوسٹ ڈیٹڈ (Post dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی 05 تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور سیکیورٹی کی رقم ضبط کرلی جائیگی۔

۸۔ عدم وصولی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور متعین کردہ جگہوں سے ٹھیکیدار وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں قسط کی رقم معاف نہیں ہوگی۔

۹۔ کینٹ بورڈ کے نادہندگان فرم/ گروپ نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

۱۰۔ مقررہ فیس سے زیادہ وصولی یا کسی بھی شکایت کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکیدار کو جرمانہ یا ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۱۔ کنٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ کی منسوخی کا اختیار حاصل ہے ایسی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم بشمول سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

۱۲۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین/ شرح کے تحت ہوگا جو کہ 1/4 کے ساتھ جمع کرنا ہوگا۔

۱۳۔ گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی و محکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

دیگر شرائط دورانِ دفتری اوقات کار لینڈ ریونیو برانچ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk

Scanned with CamScanner